الرُّطَبُ الجَنِيّ

فِي طُرُقِ الحَدِيْث

فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّيّ

فاطمہ میری جان کا حصہ ہے

﴿اِس حدیث مبارک کے طُرق اور روایت کرنے والے محدّثین کا بیان﴾

شیخ الاسلام الدکتور محمد طاہر القادری

الرُّطَبُ الجَنِيّ

فِي طُرُقِ الحَدِيث

فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِّنِّي

فاطمہ میری جان کا حصہ ہے

﴿اِس حدیث مبارک کے طُرق اور روایت کرنے والے محدّثین کا بیان﴾

الرُّطَبُ الجَنِيّ

فِي طُرُقِ الحَدِيث

فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّي

فاطمہ میری جان کا حصہ ہے

﴿اِس حدیث مبارک کے طُرُق اور روایت کرنے والے محدّثین کا بیان﴾

شیخ الاسلام الدکتور محمد طاہر القادری

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

تالیف: شیخ الاسلام الدکتور محمد طاہر القادری

معاونِ ترجمہ و تخریج: محمد ضیاء الحق رازی

نظر ثانی : محمد تاج الدین کالامی

زیرِ اہتمام : فریدِ ملّتؒ رِیسرچ اِنسٹی ٹیوٹ–Research.com.pk

مطبع : منہاج القرآن پرنٹرز، لاہور

اِشاعت نمبر 1 : جون2017ء [1,100 - پاکستان]

قیمت :

نوٹ: شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی تصانیف اور ریکارڈڈ خطبات و لیکچرز کی CDs/DVDs وغیرہ سے حاصل ہونے والی جملہ آمدنی اُن کی طرف سے ہمیشہ کے لیے تحریکِ منہاجُ القرآن کے لیے وقف ہے۔

fmri@research.com.pk

بسم الله الرحمن الرحيم

مولاي صل وسلم دائما أبدا

على حبيبك خير الخلق كلهم

محمد سيد الكونين والثقلين

والفريقين من عرب ومن عجم

اللهم صل على سيدنا ومولانا محمد وعلى آله وصحبه وبارك وسلم

فہرس

پیش لفظ ۸

١. فَصْلٌ فِي طُرُقِ الْحَدِيْثِ: فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّي ١٠

﴿حدیث مبارک 'فاطمہ میری جان کا حصہ ہے' کے طُرق﴾

اَلتَّعْلِيْقَات ٢٤

﴿تعلیقات﴾

٢. قَوْلُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ: ﴿فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِّنِّي﴾؛ وفي رواية: فَاطِمَةُ مُضْغَةٌ مِّنِّي﴾ قَدْ رَوَاهَا أَئِمَّةُ الصِّحَاحِ السِّتَّةِ وَالْمُحَدِّثُوْنَ الآخَرُوْنَ فِي كُتُبِهِمْ، مِنْهُمْ: ٣٥

﴿رسول اللہ ﷺ کا فرامین مقدسہ - ﴿فاطمہ میری جان کا حصہ ہے۔﴾ اور ﴿فاطمہ میرے جسم کا حصہ ہے۔﴾ کو مختلف الفاظ کے ساتھ ائمہ صحاح ستہ اور دیگر محدثین نے اپنی کتب میں روایت کیا ہے۔ ان میں سے کچھ ائمہ کی تفصیل﴾

المصادر والمراجع ٤٥

پیش لفظ

حضور نبی اکرم ﷺ کی بعثت سے قبل خطۂ عرب میں ہر طرف جہل و بے راہ روی، کفر و شرک، ظلم و زیادتی اور اپنے ہی ہاتھوں دختر کشی جیسے قبیح اَعمال رواج پذیر تھے۔ دوسرے لفظوں میں انسان نے حیوانیت کا جامہ پہن رکھا تھا اور حقائق بتا رہے تھے کہ انسانیت جاں بلب ہے۔ ہر طرف اَخلاقی پستی کی انتہا ہو چکی تھی۔ اب انسانیت کو جی اٹھنے کے لیے سب سے اعلیٰ قوت، طاقت اور اخلاقی جرأت کی ضرورت تھی۔ اللہ رب العزت نے تمام انبیاء کرام علیہم السلام کے بعد اپنی مقرب ترین اور محبوب ہستی رسولِ مکرم ﷺ کو مبعوث فرمایا۔

پھر رحمتِ الٰہی کا بحرِ بیکراں جوش میں آیا اور انسانیت کے ڈوبتے سفینے کو ایک ایسا ناخدا نصیب ہوا جس نے قلیل عرصے میں دنیائے انسانیت میں ایک فیض رساں انقلاب بپا کر دیا۔ خیرالوریٰ حضرت محمد ﷺ نے انسانیت کو تہذیب و تمدن اور انسان دوستی کے وہ اعلیٰ نمونے عطا فرمائے کہ جن کی مثال نہ تو آج کے جدید دور تک میسر ہوئی ہے اور نہ ہی قیامت تک نصیب ہوگی۔ اگر ان انقلابی امور کو سپردِ تحریر کرنا چاہیں تو قلم کی سیاہی ختم ہو جائے گی، قرطاس کم پڑ جائیں گے اور وقت کا دھارہ اختتام پذیر ہو جائے گا مگر یہ سلسلہ حیطۂ تحریر میں نہ لایا جا سکا ہے اور نہ ہی لایا جا سکے گا۔

محسنِ انسانیت ﷺ نے اخلاقی حوالے سے بنی نوع انسان کے دامن میں بہت سے اَن مٹ نقوش چھوڑے ہیں، جن میں سے ایک یہ کہ وہ معاشرہ جہاں بیٹی کا باپ کہلانا گالی سمجھا جاتا تھا اور اپنی دانست میں اس کلنک کو دھونے کے لیے اپنی لختِ جگر کو زندہ درگور کر دیا جاتا تھا؛ وہاں بیٹی کے حقیقی مقام اور فضیلت کو سب پر آشکار کیا۔ جب دخترِ اَرجمند سیدہ کائنات فاطمۃ الزہراء علیہا السلام کی آمد ہوتی تو امام الانبیاء ﷺ احترام سے اٹھ کھڑے ہوتے، روشن بخت پیشانی کا بوسہ لیتے، اپنی مسند پر بٹھاتے۔ کبھی مدینہ منورہ سے باہر تشریف لے جاتے تو سب سے آخر میں

ان سے ملتے اور جب مدینہ منورہ میں تشریف لاتے تو سب سے پہلے ان کے پاس جلوہ افروز ہوتے۔ رسالت مآب ﷺ نے انہیں اپنی جان اور جسم کا حصہ قرار دیا، ان کی خوشی سے اپنی خوشی کو اور اپنی خوشی سے اللہ کی خوشی جوڑ کر ان سے محبت کی تلقین کی ہے۔ بات یہیں تمام نہیں ہوئی بلکہ اس پر مستزاد سیدہ فاطمۃ الزہراء علیہا السلام سے بغض رکھنے کو بغضِ رسالت سے تشبیہہ دی ہے اور بغضِ محمدی کو بغضِ ربانی قرار دیا ہے۔

شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی یہ تالیف اس عظیم المرتبت ہستی مخدومۂ کائنات سیدہ فاطمۃ الزہراء علیہا السلام کو پیش کیا گیا نذرانۂ عقیدت ہے۔ اس ہدیہ کو ایک گل دستے سے تشبیہہ دیں تو بے جا نہ ہوگا۔ اس تالیف میں حدیثِ مبارک ﴿فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِّنِّي﴾ کو طرق کے ساتھ مرتب کرنے کے ساتھ ساتھ یہ حدیث مبارک روایت کرنے والے محدثین کا ذکر بھی شامل کیا گیا ہے۔ اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ وہ مخدومۂ کائنات علیہا السلام کے صدقے ہمیں دونوں جہاں میں کامیابیاں، کامرانیاں اور سرفرازیاں عطا فرمائے۔ (آمین بجاہِ سید المرسلین ﷺ)

مرکزِ علم و تحقیق

فریدِ ملّت رِیسرچ اِنسٹی ٹیوٹ (FMRi)

یکم رمضان ١٤٣٨ھ

فَصُلٌ فِي طُرُقِ الْحَدِيُثِ: فَاطِمَةُ بَضُعَةٌ مِنّي

١. حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا ابُنُ عُيَيُنَةَ، عَنُ عَمُرِو بُنِ دِينَارٍ، عَنِ ابُنِ أَبِي مُلَيُكَةَ، عَنِ الْمِسُوَرِ بُنِ مَخُرَمَةَ ﵄، أَنَّ رَسُوُلَ اللهِ ﷺ قَالَ: فَاطِمَةُ بَضُعَةٌ مِنّي، فَمَنُ أَغُضَبَهَا أَغْضَبَنِي.

مُتَّفَقٌ عَلَيُهِ.

٢. حَدَّثَنَا قُتَيُبَةُ، حَدَّثَنَا اللَّيُثُ، عَنِ ابُنِ أَبِي مُلَيُكَةَ، عَنِ الْمِسُوَرِ بُنِ مَخُرَمَةَ ﵄، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوُلَ اللهِ ﷺ عَلَى الْمِنُبَرِ، وَهُوَ يَقُوُلُ: إِنَّ بَنِي هِشَامِ بُنِ الْمُغِيُرَةِ اسُتَأْذَنُوُنِي أَنُ يُنُكِحُوا ابُنَتَهُمُ، عَلِيَّ بُنَ أَبِي طَالِبٍ. فَلَا آذَنُ لَهُمُ. ثُمَّ لَا آذَنُ لَهُمُ. ثُمَّ لَا آذَنُ لَهُمُ. وَقَالَ: فَإِنَّمَا ابُنَتِي بَضُعَةٌ مِنّي. يَرِيُبُنِي مَا رَابَهَا وَيُؤْذِيُنِي مَا آذَاهَا.

مُتَّفَقٌ عَلَيُهِ.

١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب المناقب، باب مناقب قرابة رسول الله ﷺ، ١٣٦١/٣، الرقم/٣٥١٠، وأيضًا في كتاب المناقب، باب مناقب فاطمة ﵂، ١٣٧٤/٣، الرقم/٣٥٥٦، ومسلم في الصحيح، كتاب فضائل الصحابة، باب فضائل فاطمة بنت النبي ﷺ، ١٩٠٣/٤، الرقم/٢٤٤٩، وابن أبي شيبة في المصنف، ٣٨٨/٦، الرقم/٣٢٢٦٩، وأبو عوانة في المسند، ٧٠/٣، الرقم/٤٢٣٣.

٢: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب النكاح، باب ذب الرجل عن ابنته في الغيرة والإنصاف، ٢٠٠٤/٥، الرقم/٤٩٣٢، ومسلم في ←

﴿حدیث مبارک ’فاطمہ میری جان کا حصہ ہے‘ کے طُرق﴾

۱۔ ابو الولید > ابن عیینہ > عمرو بن دینار > **ابن ابی ملیکہ > انہوں نے حضرت مِسوَر بن مخرمہ** رضی اللہ عنہ **سے روایت کیا ہے** کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فاطمہ میری جان کا حصہ ہے، سو جس نے اسے ناراض کیا اُس نے مجھے ناراض کیا۔

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

۲۔ قتیبہ > اللیث > ابن ابی ملیکہ > انہوں نے حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ **سے روایت کیا ہے** کہ اُنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منبر پر یہ فرماتے ہوئے سنا: بنو ہشام بن مغیرہ نے اپنی بیٹی کا رشتہ علی رضی اللہ عنہ سے کرنے کی مجھ سے اجازت مانگی ہے۔ میں انہیں اجازت نہیں دیتا۔ پھر (فرمایا:) میں انہیں اجازت نہیں دیتا۔ (پھر تیسری مرتبہ فرمایا:) میں انہیں اجازت نہیں دیتا۔ نیز آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بھی فرمایا: میری بیٹی میری جان کا حصہ ہے، اُس کی پریشانی مجھے پریشان کرتی ہے اور اُس کی تکلیف مجھے تکلیف دیتی ہے۔

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

.... الصحیح، کتاب فضائل الصحابة، باب فضائل فاطمة بنت النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ۱۹۰۲/٤، الرقم/۲٤٤۹، وأحمد بن حنبل في المسند، ۳۲۸/٤، الرقم/۱۸۹٤٦، وأیضًا في فضائل الصحابة، ۷٥٦/۲، الرقم/۱۳۲۸، وأبو داود في السنن، کتاب النکاح، باب ما یکره أن یجمع بینهن من النساء، ۲۲٦/۲، الرقم/۲۰۷۱، والترمذي في السنن، کتاب المناقب، باب ما جاء في فضل فاطمة بنت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ٦۹۸/٥، الرقم/۳۸٦۷، وابن ماجه في السنن، کتاب النکاح، باب الغیرة، ٦٤۳/۱، الرقم/۱۹۹۸، والنسائي في السنن الکبری، ۱٤۷/٥، الرقم/۸٥۱۸۔

٣. أَخْبَرَنِي أَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا أَبُو سَعِيدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَتنَا أُمُّ بَكْرٍ بِنْتُ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِى رَافِعٍ، عَنِ الْمِسْوَرِ ﷺ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّي، يَقْبِضُنِي مَا يَقْبِضُهَا، وَيَبْسُطُنِي مَا يَبْسُطُهَا.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَأَبُوْ نُعَيْمٍ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ وَأَيَّدَهُ الذَّهَبِيُّ.

٤. حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ - مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَتنَا أُمُّ بَكْرٍ بِنْتُ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ الْمِسْوَرِ - هُوَ ابْنُ مَخْرَمَةَ - ﷺ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّي يُغِيْظُنِي مَا يُغِيظُهَا وَيَنْشُطُنِي مَا يَنْشُطُهَا.

ذَكَرَهُ ابْنُ كَثِيرٍ فِي تَفْسِيْرِهٖ، وَقَالَ: وَهٰذَا الْحَدِيْثُ لَهُ أَصْلٌ فِي الصَّحِيْحَيْنِ.

٣: أخرجه الحاكم في المستدرك، ١٧٢/٣، الرقم/٤٧٤٧، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ٢٠٦/٣، وذكره العسقلاني في فتح الباري، ٣٢٩/٩، والملا علي القاري في مرقاة المفاتيح، ٢٩٤/١١، والسيوطي في الخصائص الكبرى، ٤٤٧/٢، والهندي في كنز العمال، ٥٠/١٢، الرقم/٣٤٢٢٣، والآلوسي في روح المعاني، ١٦٤/٢٦۔

٤: ذكره ابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ٢٥٧/٣۔

۳۔ احمد بن جعفر قطیعی > عبد اللہ بن احمد بن حنبل > احمد بن حنبل > بنو ہاشم کے آزاد کردہ غلام ابو سعید > عبد اللہ بن جعفر > ام بکر بنت المسور بن مخرمہ > **عبید اللہ بن ابی رافع > انہوں نے مسور بن مخرمہ** ؓ **سے مروی ہے** کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: فاطمہ میری جان کا حصہ ہے۔ جو شے اسے پریشان کرتی ہے وہ مجھے پریشان کرتی ہے، اور جو شے اسے خوش کرتی ہے مجھے بھی خوش کرتی ہے۔

اسے امام حاکم اور ابو نعیم نے روایت کیا ہے۔ امام حاکم نے فرمایا ہے: اس حدیث کی اسناد صحیح ہے اور امام ذہبی نے بھی ان کی تائید کی ہے۔

۴۔ بنو ہاشم کے آزاد کردہ غلام ابو سعید > عبد اللہ بن جعفر > ام بکر بنت مسور بن مخرمہ > **عبید اللہ بن ابی رافع > انہوں نے مسور بن مخرمہ** ؓ **سے روایت کیا ہے** کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک فاطمہ میری جان کا حصہ ہے۔ جو شے اسے غصہ دلاتی ہے وہ مجھے غصہ دلاتی ہے، اور جو شے اسے خوش کرتی ہے وہ مجھے بھی خوش کرتی ہے۔

اسے حافظ ابن کثیر نے 'تفسیر القرآن العظیم' میں بیان کیا ہے، اور فرمایا ہے: اس حدیث کی اصل 'صحیح بخاری' اور 'صحیح مسلم' میں موجود ہے۔

٥. وَفِي رِوَايَةٍ: فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّي يُسْعِفُنِي مَا أَسْعَفَهَا.

اَلْإِسْعَافُ: الَّذِي هُوَ الْقُرْبُ وَالْإِعَانَةُ وَقَضَاءُ الْحَاجَةِ أَي يَنَالُنِي مَا نَالَهَا وَيُلِمُّ بِي مَا أَلَمَّ بِهَا.

ذَكَرَهُ ابْنُ الْأَثِيرِ وَابْنُ مَنْظُوْرٍ الْأَفْرِيْقِيُّ وَالزَّبِيْدِيُّ.

٦. حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ ﷺ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّمَا فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِّنِّي، يُؤْذِيْنِي مَا آذَاهَا، وَيُنْصِبُنِي مَا أَنْصَبَهَا.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ وَالْحَاكِمُ. وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ.

٥: ذكره ابن الأثير الجزري في النهاية في غريب الأثر، ٣٦٨/٢، وابن منظور الأفريقي في لسان العرب، ١٥٢/٩، والزبيدي في تاج العروس، ٤٣٨/٢٣ـ

٦: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٥/٤، الرقم/١٦١٦٨، وأيضًا في فضائل الصحابة، ٧٥٦/٢، الرقم/١٣٢٧، والترمذي في السنن، كتاب المناقب، باب ما جاء في فضل فاطمة بنت محمد ﷺ، ٥/ ٦٩٨، الرقم/٣٨٦٩، والحاكم في المستدرك، ١٧٣/٣، الرقم/٤٧٥١، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٣١٤/٩، ٣١٥، الرقم/٢٧٤ـ

۵۔ **ایک روایت میں ہے:** فاطمہ میری جان کا حصہ ہے۔ جو اس کی مدد کرتا ہے وہ میری مدد کرتا ہے۔

اِسعاف سے مراد قرب، مدد اور حاجت روائی ہے، یعنی جو شے اسے پہنچتی ہے وہ مجھے بھی پہنچتی ہے، اور جو شے اسے لاحق ہوتی ہے وہ مجھے بھی لاحق ہوتی ہے۔

اسے امام ابن الاثیر جزری، ابن منظور افریقی اور زبیدی نے بیان کیا ہے۔

۶۔ احمد بن منیع > اسماعیل بن علیہ > ایوب > **ابن ابی ملیکہ > انہوں نے عبد اللہ بن الزبیر** رضی اللہ عنہ **سے روایت کی ہے** کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فاطمہ میری جان کا حصہ ہے۔ اسے تکلیف دینے والی شے مجھے تکلیف دیتی ہے اور اسے مشکل اور پریشانی میں ڈالنے والا مجھے مشکل اور پریشانی میں ڈالتا ہے۔

اسے امام اَحمد نے، ترمذی نے مذکورہ الفاظ میں اور حاکم نے روایت کیا ہے۔ امام ترمذی نے فرمایا: یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ امام حاکم نے فرمایا: یہ حدیث امام بخاری اور مسلم کی شرائط پر صحیح ہے۔

٧. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَا: ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ ﵄، أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: إِنَّ فَاطِمَةَ بَضْعَةٌ مِنِّي، يُؤْذِيْنِي مَا آذَاهَا، وَيُغْضِبُنِي مَا أَغْضَبَهَا.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ وَأَبُوْ نُعَيْمٍ.

٨. حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ ﵄، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ: إِنَّمَا فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّي، يُغِيْظُنِي مَا يُغِيْظُهَا.

وَقَالَ مَرَّةً أُخْرٰى: يُؤْذِيْنِي مَا آذَاهَا.

رَوَاهُ الْبَزَّارُ.

٩. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، نا أَبُو سَعِيْدٍ مَوْلٰى بَنِي هَاشِمٍ، نا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا أُمُّ بَكْرٍ بِنْت الْمِسْوَر بْن مَخْرَمَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنِ الْمِسْوَرِ ﵁، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: فَاطِمَةُ

٧: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٢٢/٤٠٥، الرقم/١٠١٣، وابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني، ٥/٣٦٢، الرقم/٢٩٥٧، وأبو نعيم في أمالي/٤٧، الرقم/٧ـ

٨: أخرجه البزار في المسند، ٦/١٥٠، الرقم/ ٢١٩٣ـ

٩: أخرجه أحمد بن حنبل فضائل الصحابة، ٢/٧٥٨، الرقم/١٣٣٣، ←

۷۔ عبد اللہ بن احمد بن حنبل > احمد بن منیع > ح محمد بن صالح بن ولید النرسی > مؤمل بن ہشام > اسماعیل بن علیہ > ایوب > **ابن ابی ملیکہ > انہوں نے عبد اللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے** کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک فاطمہ میری جان کا حصہ ہے۔ جو شے اسے اذیت پہنچاتی ہے وہ مجھے بھی اذیت پہنچاتی ہے، اور جو اسے غضب ناک کرتی ہے وہ مجھے بھی غضب ناک کرتی ہے۔

اسے امام طبرانی، ابن ابی عاصم اور ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

۸۔ مؤمل بن ہشام > اسماعیل بن ابراہیم > ایوب > **ابن ابی ملیکہ > انہوں نے (عبد اللہ) بن الزبیر رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے** کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک فاطمہ میری جان کا حصہ ہے۔ جو شے اسے غصہ دلاتی ہے وہ مجھے بھی غصہ دلاتی ہے۔

ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شے اسے اذیت پہنچاتی ہے وہ مجھے بھی اذیت پہنچاتی ہے۔

اسے امام بزار نے روایت کیا ہے۔

۹۔ عبد اللہ بن احمد > احمد بن حنبل > بنو ہاشم کے آزاد کردہ غلام ابوسعید > عبد اللہ بن جعفر > ام بکر بن المسور بن مخرمہ > **عبید اللہ بن ابی رافع > انہوں نے مسور رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے** کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فاطمہ میرے جسم کا حصہ ہے۔ جو شے اسے پریشان کرتی ہے

.... والبيهقي في السنن الكبرى، ٧/٦٤، الرقم/١٣١٧٣، وابن عساكر في تاريخ مدينة دمشق، ٥٨/١٥٩۔

مُضْغَةٌ مِنِّي يَقْبِضُنِي مَا قَبَضَهَا، وَيَبْسُطُنِي مَا بَسَطَهَا.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ وَابْنُ عَسَاكِرَ.

١٠. أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ، أَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ، أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ فَاطِمَةَ مُضْغَةٌ مِنِّي.

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ فِي الْكُبْرٰى وَأَحْمَدُ فِي الْفَضَائِلِ.

١١. الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأنا أَسْمَعُ عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ رضي الله عنه، أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: إِنَّ فَاطِمَةَ مُضْغَةٌ مِنِّي، مَنْ أَغْضَبَهَا أَغْضَبَنِي.

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ فِي الْكُبْرٰى وَالْخَصَائِصِ.

١٢. أَخْبَرَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْمَحْبُوبِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَسْعُودٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، وَأَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ

١٠: أخرجه النسائي في السنن الكبرى، ٥/١٤٨، الرقم/٨٥٢١-٨٥٢٢، وأيضًا في خصائص علي رضي الله عنه/١٤٧، الرقم/١٣٦-١٣٧، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ٢/٧٥٧، الرقم/١٣٣٠، وذكره النووي في شرحه على صحيح مسلم، ١٦/٢۔

١١: أخرجه النسائي في السنن الكبرى، ٥/١٤٨، الرقم/٨٥٢٠، وأيضًا في خصائص علي رضي الله عنه/١٤٧، الرقم/١٣٥۔

١٢: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/١٧٣، الرقم/٤٧٥٠۔

وہ مجھے بھی پریشان کرتی ہے، اور جو شے اسے خوش کرتی ہے وہ مجھے بھی خوش کرتی ہے۔

اسے امام احمد، بیہقی اور ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

۱۰۔ محمد بن خالد بن خلی > بشر بن شعیب > شعیب > زہری > **علی بن حسین > انہوں نے مسور بن مخرمہ** رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: فاطمہ میرے جسم کا حصہ ہے۔

اسے امام نسائی نے 'السنن الکبریٰ' میں اور احمد نے 'فضائل الصحابة' میں روایت کیا ہے۔

۱۱۔ (امام نسائی نے) حارث بن مسکین کے سامنے پڑھا > اور سفیان سے سنا ہے > عمرو > **ابن ابی ملیکہ > انہوں نے مسور بن مخرمہ** رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک فاطمہ میرے جسم کا ایک حصہ ہے۔ جو اسے غضب ناک کرتا ہے وہ مجھے بھی غضب ناک کرتا ہے۔

اسے امام نسائی نے 'السنن الکبریٰ' اور 'خصائص علی رضی اللہ عنہ' میں روایت کیا ہے۔

۱۲۔ ابو العباس محمد بن احمد المحبوبی > سعید بن مسعود > یزید بن ہارون > احمد بن جعفر قطیعی

بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ أَبِي حَنْظَلَةَ – رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ – عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّمَا فَاطِمَةُ مُضْغَةٌ مِنِّي فَمَنْ آذَاهَا فَقَدْ آذَانِي.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ، وَقَالَ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

١٣. **أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، أَخْبَرَنِي أَبِي، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ، قَالَ: خَطَبَ عَلِيٌّ ابْنَةَ أَبِي جَهْلٍ إِلٰى عَمِّهَا الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ فَاسْتَشَارَ النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: أَعَنْ حَسَبِهَا تَسْأَلُنِي؟ قَالَ عَلِيٌّ: قَدْ أَعْلَمُ مَا حَسَبُهَا وَلٰكِنْ أَتَأْمُرُنِي بِهَا؟ فَقَالَ: لاَ، فَاطِمَةُ مُضْغَةٌ مِنِّي، وَلَا أُحِبُّ إِلَّا وَأَنَّهَا تَحْزَنُ أَوْ تَجْزَعُ. فَقَالَ عَلِيٌّ: لاَ آتِي شَيْئًا تَكْرَهُهُ.**

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَحْمَدُ فِي الْفَضَائِلِ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ.

١٤. **حَدَّثَنِي أَبُوْ عُبَيْدٍ الصَّيْرَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحَسَنِ**

١٣: أخرجه الحاكم في المستدرك، ١٧٣/٣، الرقم/٤٧٤٩، وابن أبي شيبة في المصنف، ٣٨٨/٦، الرقم/٣٢٢٧٤، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ٧٥٤/٢، الرقم/١٣٢٣، والعسقلاني في فتح الباري، ٣٢٨/٩، والمباركفوري في تحفة الأحوذي، ٢٥٠/١٠، الرقم/٣٨٦٧۔

١٤: أخرجه أبو الفرج الأصبهاني في الأغاني، ٣٠١/٩، وابن حجر الهيتمي في الصواعق المحرقة، ٦٦٢/٢۔

> عبد اللہ بن احمد بن حنبل > احمد بن حنبل > یزید بن ہارون > **اسماعیل بن ابی خالد > انہوں نے ابو حنظلہ** رضی اللہ عنہ **-جو کہ اہلِ مکہ میں سے ایک شخص ہیں- سے روایت کیا ہے** کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: فاطمہ میرے جسم کا حصہ ہے۔ جس نے اسے ایذاء دی گویا اس نے مجھے ایذاء دی۔

اسے امام حاکم نے روایت کیا ہے، اور فرمایا ہے: یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

۱۳۔ احمد بن جعفر القطیعی > عبد اللہ بن احمد بن حنبل > احمد بن حنبل > یحی بن زکریا بن ابی زائدہ > ابو زائدہ > **شعبی > انہوں نے سوید بن غفلہ** رضی اللہ عنہ **سے روایت کی ہے** کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابوجہل کی بیٹی کو اس کے چچا حارث بن ہشام کے ذریعے پیغامِ نکاح بھیجا تو حضور نبی اکرم ﷺ سے مشورہ کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس کے حسب کے بارے میں مجھ سے سوال کر رہے ہو؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس کا حسب جانتا ہوں لیکن کیا آپ مجھے اس سے شادی کا حکم دیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! فاطمہ میری جان کا حصہ ہے، اور جہاں تک میرا خیال ہے وہ اس بات سے غمزدہ اور پریشان ہو جائے گی۔ اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ایسا کوئی کام نہیں کروں گا جو انہیں ناپسند ہو۔

اسے امام حاکم، ابن ابی شیبہ اور احمد نے 'فضائل الصحابۃ' میں روایت کیا ہے۔ امام حاکم نے فرمایا ہے: یہ حدیث امام بخاری اور مسلم کی شرط پر صحیح ہے۔

۱۴۔ ابو عبید الصرفی > الفضل بن الحسن المصری > عبد اللہ بن عمر القواریری > **یحی بن سعید**

الْمِصْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبَانَ الْقُرْشِيُّ، قال: أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ ﷺ دَخَلَ يَوْمًا عَلٰى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَهُوَ حدِثُ السِّنِّ وَلَهُ وَفْرَةٌ، فَرفَعَ عُمَرُ مَجْلِسَهُ وَأَقْبَلَ عَلَيْهِ وَقَضٰى حَوَائِجَهُ، ثُمَّ أَخَذَ بِعُكْنَةٍ مِنْ عُكَنِهِ فَغَمَزَهَا حَتّٰى أَوْجَعَهُ. وَقَالَ: أُذْكِّرُهَا عِنْدَكَ لِلشَّفَاعَةِ، فَلَمَّا خَرَجَ لِيْمَ عَلٰى مَا فَعَلَ بِهِ. فَقَالَ: حَدَّثَنِي الثِّقَةُ حَتّٰى كَأَنِّي أَسْمَعَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ: 'إِنَّمَا فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّي، يَسُرُّنِي مَا يَسُرُّهَا'. وَأَنَا أَعْلَمُ أَنَّ فَاطِمَةَ ﷺ لَوْ كَانَتْ حَيَّةً لَسَرَّهَا مَا فَعَلْتُ بِابْنِهَا. قَالُوْا: فَمَا غَمْزُكَ بَطْنَهُ وَقَوْلُكَ مَا قُلْتَ، فَقَالَ: غَنِّهِ لَيْسَ أَحَدٌ مِنْ بَنِي هَاشِمٍ إِلَّا وَلَهُ شَفَاعَةٌ وَرَجَوْتُ أَنْ أَكُوْنَ فِي شَفَاعَةِ هٰذَا.

١٥. حَدَّثَنَا أَبُو سَهْلٍ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْقَطَّانُ، بِبَغْدَادَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِسْحَاقَ الْقَاضِي، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرْوِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ الزُّهْرِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ ﷺ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّمَا فَاطِمَةُ شَجْنَةٌ مِنِّي، يَبْسُطُنِي مَا يَبْسُطُهَا وَيَقْبِضُنِي مَا يَقْبِضُهَا.

١٥: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٤/٣٣٢، الرقم/١٨٩٥٠، وأيضًا في فضائل الصحابة، ٢/٧٦٥، الرقم/ ١٣٤٧، والحاكم في ←

> **انہوں نے سعید بن ابان القرشی** سے روایت کیا ہے کہ حضرت عبد اللہ بن حسن بن علی رضی اللہ عنہم ایک دن حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ کے پاس آئے جب کہ وہ ابھی نو عمر تھے، اور سر پر گھنے بال تھے، حضرت عمر (بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ) نے مجلس برخاست کی اور ان کی طرف (استقبال کے لیے) بڑھے اور ان کی جملہ حاجات کو پورا کیا۔ پھر محبت بھرے انداز میں ان کے پیٹ کی سلوٹوں میں سے ایک کو پکڑا اور اسے چوب لگائی یہاں تک کہ انہیں تکلیف محسوس ہوئی۔ پھر فرمایا: میں نے اسے آپ کے پاس شفاعت کی یاد دہانی کے لیے چھوڑا ہے۔ پھر جب وہ (شہزادے) چلے گئے تو انہوں نے (اپنے مشفقانہ فعل پر بھی) پشیمان ہوتے ہوئے کہا: ایک ثقہ راوی نے مجھے بتایا ہے (اور مجھے اس بات پر اتنا یقین ہے کہ) گویا میں خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سن رہا ہوں: بے شک فاطمہ میرے جسم کا ایک حصہ ہے۔ جو شے اسے خوش کرتی ہے وہ مجھے خوش کرتی ہے۔ میں جانتا ہوں کہ اگر سیدہ فاطمہ علیہا السلام زندہ ہوتیں تو جو حسنِ سلوک آج میں نے ان کے بیٹے کے ساتھ کیا ہے یہ انہیں ضرور خوش کرتا۔ لوگوں نے کہا: آپ کا شہزادے کے پیٹ کو چوب لگانا اور انہیں وہ کچھ کہنا جو آپ نے کہا ہے، اس کا اصل ماجرا کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: یہ (بات) گنگناؤ کہ بنو ہاشم میں سے کوئی شخص ایسا نہیں جس کے پاس شفاعت کا حق نہ ہو؛ اور میں امید کرتا ہوں کہ میں ان کی اس شفاعت کا مستحق ہوں۔

۱۵۔ ابو سہل احمد بن محمد بن زیاد القطان نے بغداد میں > اسماعیل بن اسحاق القاضی > اسحاق بن محمد الفروی > عبد اللہ بن جعفر الزہری > جعفر بن محمد > **عبد اللہ بن ابی رافع > انہوں نے حضرت مسور بن مخرمہ** رضی اللہ عنہ **سے روایت کی ہے** کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک فاطمہ میری شاخ ہے، جس شے سے اسے خوشی ہوتی ہے اس سے مجھے بھی خوشی ہوتی ہے اور جس شے سے اُسے تکلیف پہنچتی ہے اس سے مجھے بھی تکلیف پہنچتی ہے۔

.... المستدرك، ۳/۱٦۸، الرقم/٤۷۳٤، والطبراني في المعجم الكبير، ۲۰/۲٥، الرقم/ ۳۰، وابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني، ٥/۳٦۲، الرقم/ ۲۹٥٦، وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد، ۹/۲۰۳۔

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ وَاللَّفْظُ لَهُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

اَلتَّعْلِيْقَات

(١) قَالَ الْإِمَامُ النَّوَوِيُّ وَالْعَيْنِيُّ: قَالَ الْعُلَمَاءُ: فِي هٰذَا الْحَدِيْثِ تَحْرِيْمُ إِيْذَاءِ النَّبِيِّ ﷺ بِكُلِّ حَالٍ وَعَلٰى كُلِّ وَجْهٍ وَإِنْ تَوَلَّدَ ذٰلِكَ الْإِيْذَاءُ مِمَّا كَانَ أَصْلُهُ مُبَاحًا.(١)

(٢) وَقَالَ الْحَافِظُ الْعَسْقَلَانِيُّ: وَفِي الْحَدِيْثِ تَحْرِيْمُ أَذٰى مَنْ يَتَأَذَّى النَّبِيَّ ﷺ بِتَأَذِّيْهِ لِأَنَّ أَذَى النَّبِيِّ ﷺ حَرَامٌ اتِّفَاقًا قَلِيْلُهُ وَكَثِيْرُهُ، وَقَدْ جَزَمَ بِأَنَّهُ يُؤْذِيْهِ مَا يُؤْذِي فَاطِمَةَ عليها السلام. فَكُلُّ مَنْ وَقَعَ مِنْهُ فِي حَقِّ فَاطِمَةَ عليها السلام شَيْءٌ فَتَأَذَّتْ بِهِ فَهُوَ يُؤْذِي النَّبِيَّ ﷺ بِشَهَادَةِ هٰذَا الْخَبَرِ الصَّحِيْحِ، وَلَا شَيْءَ أَعْظَمُ فِي إِدْخَالِ الْأَذٰى عَلَيْهَا مِنْ قَتْلِ وَلَدِهَا، وَلِهٰذَا عُرِفَ بِالْإِسْتِقْرَاءِ مُعَاجَلَةُ مَنْ تَعَاطٰى ذٰلِكَ بِالْعُقُوْبَةِ فِي الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الآخِرَةِ أَشَدُّ.(٢)

---

(١) النووي في شرحه على صحيح مسلم، ١٦/٢-٣، والعيني في عمدة القاري، ١٥/٣٤، الرقم/١٠١٣۔

(٢) العسقلاني في فتح الباري، ٩/٣٢٩، والمباركفوري في تحفة الأحوذي، ١٠/٢٥١، والعظيم آبادي في عون المعبود، ٦/٥٧، والمناوي في فيض القدير، ٤/٤٢١۔

اسے امام احمد نے، حاکم نے مذکورہ الفاظ میں، طبرانی اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے۔ امام حاکم نے فرمایا ہے: اس حدیث کی اسناد صحیح ہے۔

﴿تعلیقات﴾

(۱) امام نووی اور عینی فرماتے ہیں: علماء کرام نے بیان کیا ہے کہ اس حدیث مبارک میں کسی بھی حال میں اور کسی بھی صورت میں حضور نبی اکرم ﷺ کو ایذاء دینے کی حرمت بیان کی گئی ہے، چاہے وہ ایذاء کسی ایسی شے سے ہی پیدا ہو جو اصلاً مباح ہے۔

(۲) حافظ ابن حجر العسقلانی فرماتے ہیں: اس حدیث میں اس شخص کی جانب سے اذیت دیے جانے کی حرمت کا بیان ہے جو اپنی ایذاء رسانی سے حضور نبی اکرم ﷺ کو ایذاء پہنچائے کیونکہ حضور نبی اکرم ﷺ کو اذیت دینا بالاتفاق حرام ہے خواہ وہ ایذاء قلیل ہو یا کثیر۔ آپ ﷺ نے قطعی طور پر فرمایا ہے کہ ہر وہ شے جو فاطمہ کو ایذاء پہنچائے وہ آپ ﷺ کو بھی ایذاء پہنچاتی ہے۔ لہٰذا ہر وہ شخص جس کی طرف سے سیدہ فاطمہ علیہا السلام کے حق میں گستاخی ہوئی، جس سے انہیں ایذاء پہنچی؛ گویا وہ حضور نبی اکرم ﷺ کو بھی ایذاء پہنچاتا ہے۔ اس پر یہ خبرِ صحیح گواہ ہے۔ سیدہ علیہا السلام کے لیے ان کے لختِ جگر کو شہید کرنے سے بڑھ کر کوئی ایذاء نہیں ہوسکتی۔ لہٰذا استقراء سے اس حقیقت کو جانا گیا ہے کہ جو کوئی بھی اس کا مرتکب ہوا، اسے جلد اس دنیا میں بھی سزا ملی اور آخرت کا عذاب تو یقیناً شدید تر ہے۔

(٣) قَالَ الْإِمَامُ الْقَسْطَلَانِيُّ فِي ذَيْلِ حَدِيْثِ: ﴿فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِّنّي، فَمَنْ أَغْضَبَهَا أَغْضَبَنِي﴾ زَادَ فِي رِوَايَةٍ: ﴿وَيُؤْذِيْنِي مَا آذَاهَا﴾ قَالُوْا: فَفِيْهِ تَحْرِيْمُ إِيْذَائِهِ ﷺ بِكُلِّ حَالٍ، وَعَلٰى كُلِّ وَجْهٍ وَإِنْ تَوَلَّدَ الْإِيْذَاءُ مِمَّا أَصْلُهُ مُبَاحٌ، وَهٰذَا مِنْ خَصَائِصِهِ ﷺ.(١)

(٤) قَالَ الْمُلَّا عَلِيٌّ الْقَارِي: فِي هٰذَا الْحَدِيْثِ تَحْرِيْمُ إِيْذَاءِ النَّبِيِّ ﷺ بِكُلِّ حَالٍ وَعَلٰى كُلِّ وَجْهٍ، وَإِنْ تَوَلَّدَ ذٰلِكَ الْإِيْذَاءُ مِمَّا كَانَ أَصْلُهُ مُبَاحًا، وَهُوَ مِنْ خَوَاصِّهِ صَلَوَاتُ اللهِ وَسَلَامُهُ عَلَيْهِ.(٢)

(٥) قَالَ الْعَلَّامَةُ الْمُنَاوِيُّ: اسْتَدَلَّ بِهِ السُّهَيْلِيُّ عَلٰى أَنَّ مَنْ سَبَّهَا كَفَرَ لِأَنَّهُ يُغْضِبُهُ وَأَنَّهَا أَفْضَلُ مِنَ الشَّيْخَيْنِ.(٣)

---

(١) القسطلاني في إرشاد الساري لشرح صحيح البخاري، ٦/١٢١، الرقم/٣٧١٤۔

(٢) الملا علي القاري في مرقاة المفاتيح، ١١/٢٩٣۔

(٣) المناوي في فيض القدير، ٤/٤٢١، والسهيلي في الروض الأنف، ٣/٤٤٠۔

(۳) امام قسطلانی نے حدیث مبارک - ﴿فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّي، فَمَنْ أَغْضَبَهَا أَغْضَبَنِي﴾ ’فاطمہ (ﷺ) میری جان کا حصہ ہے، سو جس نے اسے ناراض کیا اُس نے مجھے ناراض کیا۔‘ - کے ذیل میں کہا ہے کہ ایک روایت میں ان الفاظ کا اضافہ بھی ہے: ’جو شے اسے ایذاء دے وہ مجھے بھی ایذاء دیتی ہے۔‘ علماء کرام فرماتے ہیں: اس حدیث مبارک میں ہر حال اور ہر صورت میں آپ ﷺ کی ایذاء کی حرمت کا بیان ہے، اگرچہ وہ ایذاء کسی ایسی شے سے پیدا ہوئی ہو جو اصلاً مباح ہی کیوں نہ ہو۔ یہ آپ ﷺ کے خصائص میں سے ہے۔

(۴) ملا علی قاری فرماتے ہیں: اس حدیث میں کسی بھی حال میں اور کسی بھی صورت میں حضور نبی اکرم ﷺ کو ایذاء دینے کی حرمت بیان کی گئی ہے، اگرچہ وہ ایذاء کسی ایسی شے کے ذریعے ہی کیوں نہ ہو جس کی اصل مباح ہے۔ یہ آپ ﷺ کے خصائص میں سے ہے۔

(۵) علامہ مناوی بیان کرتے ہیں کہ امام سہیلی نے اس سے یہ استدلال کیا ہے کہ جس نے سیدہ کائنات علیہا السلام کو برا بھلا کہا اس نے کفر کیا، کیونکہ اس طرح اس نے حضور نبی اکرم ﷺ کو غضب ناک کیا؛ اور یہ اس لیے بھی ہے کہ سیدہ علیہا السلام کا رتبہ شیخین (یعنی حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما) سے بھی افضل ہے۔

(٦) **وَقَالَ الْمُنَاوِيُّ أَيْضًا:** قَالَ الشَّرِيْفُ السَّمْهُوْدِيُّ: وَمَعْلُوْمٌ أَنَّ أَوْلَادَهَا بَضْعَةٌ مِنْهَا فَيَكُوْنُوْنَ بِوَاسِطَتِهَا بَضْعَةً مِنْهُ، وَمِنْ ثَمَّ لَمَّا رَأَتْ أُمُّ الْفَضْلِ فِي النَّوْمِ أَنَّ بَضْعَةً مِنْهُ وُضِعَتْ فِي حِجْرِهَا، أَوَّلَهَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ بِأَنْ تَلِدَ فَاطِمَةُ عليها السلام غُلَامًا فَيُوْضَعُ فِي حِجْرِهَا، فَوَلَدَتِ الْحَسَنَ فَوُضِعَ فِي حِجْرِهَا؛ فَكُلُّ مَنْ يُشَاهَدُ الآنَ مِنْ ذُرِّيَّتِهَا بَضْعَةٌ مِنْ تِلْكَ الْبَضْعَةِ وَإِنْ تَعَدَّدَتِ الْوَسَائِطُ. وَمَنْ تَأَمَّلَ ذٰلِكَ انْبَعَثَ مِنْ قَلْبِهِ دَاعِي الْإِجْلَالِ لَهُمْ وَتَجَنَّبَ بُغْضَهُمْ.(١)

(٧) **قَالَ الآلُوْسِيُّ:** عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: أَرْبَعُ نِسْوَةٍ سَادَاتُ عَالَمِهِنَّ: مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ، وَآسِيَةُ بِنْتُ مُزَاحِمٍ، وَخَدِيْجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ، وَفَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ. وَأَفْضَلُهُنَّ عِلْمًا فَاطِمَةُ. ...... وَالَّذِي أَمِيْلُ إِلَيْهِ أَنَّ فَاطِمَةَ الْبَتُوْلَ أَفْضَلُ النِّسَاءِ الْمُتَقَدِّمَاتِ وَالْمُتَأَخِّرَاتِ مِنْ حَيْثُ أَنَّهَا بَضْعَةُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، بَلْ وَمِنْ حَيْثِيَاتٍ أُخَرَ أَيْضًا، وَلَا يُعَكِّرُ عَلٰى ذٰلِكَ الْأَخْبَارُ السَّابِقَةُ لِجَوَازِ أَنْ يُرَادَ بِهَا أَفْضَلِيَّةُ غَيْرِهَا

---

(١) المناوي في فيض القدير، ٤/٤٢١.

(۶) علامہ مناوی مزید بیان کرتے ہیں: امام شریف سمہودی نے فرمایا ہے: یہ بات طے شدہ ہے کہ سیدہ کائنات علیہا السلام کی اولاد ان کے جسم کا حصہ ہے تو ان کے واسطے سے ان کی اولاد بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسم کا حصہ ہوئی۔ اس پر دلیل یہ ہے کہ جب حضرت اُمّ فضل رضی اللہ عنہا نے خواب میں دیکھا کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسمِ اقدس کا ایک ٹکڑا ان کی گود میں آ گرا ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ام الفضل کے اس خواب کی تاویل یہ فرمائی کہ سیدہ فاطمہ علیہا السلام کے ہاں ایک بچے کی پیدائش ہوگی جسے ان کی گود میں رکھا جائے گا۔ پھر سیدہ کائنات علیہا السلام کے ہاں امام حسن علیہ السلام کی پیدائش ہوئی تو انہیں ان کی گود میں رکھا گیا۔ لہٰذا آج کے زمانے میں جو بھی شخص سیدہ علیہا السلام کی اولاد میں سے ہے، وہ کئی واسطوں سے اُسی ٹکڑے کا ایک حصہ ہے۔ جو شخص بھی اس مذکورہ مسئلے میں غور وفکر کرتا ہے تو اس کے دل میں اہلِ بیت کی قدر و منزلت اور عظمت و رفعت کا جذبہ بیدار ہوتا ہے جس کے ذریعے انسان اہلِ بیت اَطہار کے ساتھ بغض رکھنے سے بچ جاتا ہے۔

(۷) علامہ آلوسی نے فرماتے ہیں: حضرت (عبد اللہ) بن عباس رضی اللہ عنہما نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: چار عورتیں اپنے اپنے وقت کی سردار ہیں: مریم بنت عمران، آسیہ بنت مزاحم، خدیجہ بنت خویلد اور فاطمہ بنت محمد۔ ان سب میں علم کے اعتبار سے افضل فاطمہ ہیں۔ ...... (امام آلوسی فرماتے ہیں:) جس شے کی طرف میں مائل ہوں وہ یہ ہے کہ سیدہ فاطمہ بتول علیہا السلام پہلے اور بعد میں آنے والی تمام خواتین سے افضل ہیں۔ صرف یہی نہیں کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسمِ اقدس کا حصہ ہیں بلکہ وہ کئی اور حیثیتوں سے بھی افضل ہیں۔ سیدہ کی فضیلت کی اِس حقیقت کو سابقہ روایات بھی مشکوک نہیں کرسکتیں کہ جن

عَلَيُهَا مِنُ بَعُضِ الُجِهَاتِ، وَبِحَيُثِيَةٍ مِنَ الُحَيُثِيَاتِ ...... إِذَ الُبَضُعِيَّةُ مِنُ رُوُحِ الُوُجُوُدِ وَسَيّدِ كُلِّ مَوُجُوُدٍ، لا أَرَاهَا تُقَابَلُ بِشَيءٍ، وَأَيُنَ الثُّرَيَّا مِنُ يَدِ الُمُتَنَاوِلِ؟

وَمِنُ هُنَا يُعُلَمُ أَفُضَلِيَّتُهَا عَلٰى عَائِشَةَ ﵂ الذَّاهِبِ إِلٰى خِلافِهَا الُكَثِيُرُ مُحتَجّيُنَ بِقَوُلِهٖ ﷺ: خُذُوُا ثُلُثَي دِيُنِكُمُ عَنِ الُحُمَيُرَاءِ.......

وَأَنُتَ تَعُلَمُ مَا فِي هٰذَا الِاسُتِدُلَالِ، وَأَنَّهُ لَيُسَ بِنَصٍّ عَلٰى أَفُضَلِيَّةِ الُحُمَيُرَاءِ عَلَى الزَّهُرَاءِ. وَأَمَّا أَوَّلًا، فَلِأَنَّ قُصَارٰى مَا فِي الُحَدِيُثِ الُأَوَّلِ عَلٰى تَقُدِيُرِ ثُبُوُتِهٖ إِثُبَاتُ أَنَّهَا عَالِمَةٌ إِلٰى حَيُثُ يُؤُخَذُ مِنُهَا ثُلُثَا الدِّيُنِ، وَهٰذَا لا يَدُلُّ عَلٰى نَفُيِ الُعِلُمِ الُمُمَاثِلِ لِعِلُمِهَا عَنُ بَضُعَتِهٖ ﷺ، وَلِعِلُمِهٖ أَنَّهَا لا تَبُقٰى بَعُدَهُ زَمَنًا مُعُتَدًّا بِهٖ يُمُكِنُ أَخُذُ الدِّيُنِ مِنُهَا فِيُهِ لَمُ يَقُلُ فِيُهَا ذٰلِكَ. وَلَوُ عَلِمَ لَرُبَّمَا قَالَ: خُذُوُا كُلَّ دِيُنِكُمُ عَنِ الزَّهُرَاءِ ...... عَلٰى أَنَّ قَوُلَهُ ﷺ: إِنِّي تَرَكُتُ فِيُكُمُ الثَّقَلَيُنِ كِتَابَ اللهِ تَعَالٰى وَعِتُرَتِي، لا يَفُتَرِقَانِ حَتّٰى يَرِدَا عَلَيَّ الُحَوُضَ. يَقُوُمُ مَقَامَ ذٰلِكَ الُخَبَرِ وَزِيَادَةٌ كَمَا لا يَخُفٰى. كَيُفَ لا، وَفَاطِمَةُ ﵂ سَيِّدَةُ تِلُكَ

